نہ بتوں کی قسم کھاؤ اور نہ ہی اپنے آبا و اجداد کی

عبدالرحمن بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "نہ بتوں کی قسم کھاؤ اور نہ ہی اپنے آبا و اجداد کی"
[صحیح] [رواہ مسلم]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم طواغی کی قسم کھانے سے منع فرما رہے ہیں طواغی طاغیہ کی جمع ہے مراد وہ بت ہیں، جن کی اللہ کے بجائے مشرکین پوجا کیا کرتے تھے یہ بت دراصل ان کی سرکشی اور کفر کا سبب تھے اسی طرح آپ آبا واجداد کی قسم کھانے سے منع فرما رہے ہیں کیوں کہ عرب کے لوگ اپنے آبا واجداد کی قسم ان پر فخر اور ان کی عزت کے طور پر کھایا کرتے تھے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/8959